۔میڈیا سے بات کرتے ہوئے رہنما پیپلز پارٹی نے کہا کہ چیف جسٹس کو کمشنر راولپنڈی کے مبینہ الزامات پر وضاحت نہیں دینی چاہیے تھی۔ سید خورشید شاہ نے کہا کہ ووٹ ملا بھی ہے اور مانا بھی نہیں ہے یہ روایت چل پڑی ہے، کراچی میں ہمارے ساتھ بھی دھاندلی کی گئی، لیکن جمہوریت کی خاطر ہم نے اپنا دل تھام لیا۔ انہوں نے کہا کہ کچھ لوگ الیکشن کے نتائج کو متنازع کرنا چاہتے ہیں، پیر پگارا میرا چھوٹا بھائی ہے، پیر صاحب پگارا نے کچھ اشارے دیے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 67

سے شمولیتی دستاویز الیکشن کمیشن میں جمع کرائیں گے۔ قبل ازیں پی ٹی آئی سے 'بلے' کا انتخابی نشان چھن جانے کے بعد آزاد حیثیت میں انتخابات میں کامیابی حاصل کرنے والے پی ٹی آئی کے حمایت یافتہ اراکین کے مجلس وحدت المسلمین میں ضم ہونے کا امکان ظاہر کیا جا رہا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 68

ہوئے کہا کہ انتخابات کے نتائج پر ہمیں بھی تحفظات ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مبینہ دھاندلی کے خلاف پی ٹی آئی کے احتجاج کا فی الحال حصہ نہیں بن رہے۔ آفتاب شیر پاؤ نے کہا کہ پارٹی رہنماؤں سے مشاورت کے بعد پارٹی کی سطح پر احتجاج کریں گے۔ واضح رہے کہ پی ٹی آئی وفد نے آفتاب شیر پاؤ کو احتجاجی تحریک میں شامل ہونے کی دعوت دی تھی۔

بقیہ بقیہ جات 69

پاکستان تحریک انصاف سے اتحاد کے معاملات طے پانے کی تصدیق کردی۔ نجی ٹی وی سے ٹیلیفونک گفتگو میں حامد رضا نے کہا کہ پنجاب اور سندھ میں اتحاد کیلئے پی ٹی آئی سے معاملات طے پا چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی اب سنی اتحاد کونسل سے اتحاد کرے گی، وفاق، خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں بھی ان کی پارٹی حاضر ہے۔ سنی اتحاد کونسل کے سربراہ نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کے ساتھ ڈٹ کر کھڑا ہوں۔

بقیہ بقیہ جات 70

افضل مروت نے الزام عائد کیا ہے کہ گذشتہ رات اُن کے گھر پر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکاروں نے چھاپہ مارا ہے جس کے دوران اُن کا لیپ ٹاپ قبضے میں لے لیا گیا ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر انھوں نے لکھا کہ وہ کسی نہ کسی طرح اپنے گھر سے فرار ہونے میں کامیاب رہے اور اب وہ کسی محفوظ مقام پر موجود ہیں۔ انھوں نے کہا کہ وہ اس مجرمانہ عمل کے خلاف عدالت سے رجوع کریں گے۔

بعدالت جناب محترمہ عظمیٰ اسلم
صاحبہ سول جج درجہ اول چونیاں
ضلع قصور۔

دعویٰ صدور حکم امتناعی دوامی وتاکیدی عنوان مقدمہ۔ محمد خالد بنام نذیر احمد وغیرہ اشتہار بنام نذیر احمد، محمد شریف پسران سردار علی، رانی بی بی زوجہ ہاشم علی ذات جھبیل ساکنان جھگے جھبیلاں تحصیل چونیاں ضلع قصور (مدعا علیہم) ہر گاہ مدعا علیہم کو مطلع کیا جاتا ہے کہ دعویٰ عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے۔ اس لیے وہ بتقرر 20-02-2024 بوقت 09:00 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر پیروی کرے۔ بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔

بعدالت جناب عبداللہ عثمان
صاحب ADJ سیالکوٹ

اپیل

عنوان محمد بوٹا بنام صوبہ پنجاب وغیرہ

اشتہار بنام 5 یاسر 6 ناصر ولد محمد اشرف ساکن گاؤں گل بہار تحصیل وضلع سیالکوٹ 7 قیصر محمود ولد محمد شریف ساکن گاؤں جھائی تحصیل وضلع سیالکوٹ 8 شمیم اختر زوجہ رزاق احمد 9 خالد جاوید ولد محمد غنی ساکن گل بہار تحصیل وضلع سیالکوٹ 10 رزاق احمد ولد اللہ رکھا ذات جٹ ساکن گاؤں کماں والہ تحصیل وضلع سیالکوٹ 11 محمد ریاض ولد محمد رمضان ساکن گاؤں بھرتھ تحصیل وضلع سیالکوٹ 12 عبداللطیف ولد اللہ رکھا ذات جٹ ساکن گاؤں جھائی تحصیل وضلع سیالکوٹ ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں رسپانڈنٹ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہو رہی ہے اس لیے اشتہار ہذا بنام رسپانڈنٹ علیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر رسپانڈنٹ علیہ تاریخ 06-03-2024 بوقت صبح 9 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کاروائی یک طرفہ عمل میں آوے گی آج بدست ہمارے اور مہر عدالت جاری ہوا ہے

بقیہ بقیہ جات 71

انصاف (پی ٹی آئی) کی پارلیمانی پارٹی کے اجلاس کی اندرونی کہانی سامنے آ گئی۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں پی ٹی آئی کے دوسری جماعتوں کے ساتھ اتحاد کا معاملہ زیرِ غور آیا، پی ٹی آئی کا پی ٹی آئی میں ضم ہونے کا معاملہ بھی زیر بحث آیا۔ کئی اراکین اسمبلی نے پی ٹی آئی پی میں ضم کرنے کی مخالفت کی، اجلاس میں حکومت سازی سے متعلق امور زیر غور لائے گئے۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں اراکین اسمبلی کو ایک ہفتے تک پشاور میں رہنے کی ہدایت کی گئی جبکہ حکومت سازی سے متعلق 10 دن کے اندر امور طے کرنے پر زور دیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 72

کیوایم) کا 3 رکنی وفد (آج) پیر کو اسلام آباد جائے گا۔ ذرائع کے مطابق ایم کیو ایم پاکستان کے وفد میں گورنر سندھ، مصطفیٰ کمال اور فاروق ستار شامل ہوں گے۔ متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کا 3 رکنی وفد مسلم لیگ (ن) کے اراکین سے گفت و شنید کریں گے، ملاقات میں حکومت سازی کے معاملات پر بات کی جائے گی۔

بقیہ بقیہ جات 73

حکام سوئی ناردرن کے مطابق صارف کو شکایت ہے تو اوگرا یا عدالت سے رجوع کر سکتا ہے، گیس ٹیرف اور دیگر ٹیکس حکومت نے لگائے ہیں، گیس دنیا بھر میں مہنگی ہو چکی ہے، ہم سب کو اسے احتیاط سے استعمال کرنا ہوگا اسی حوالے سے ایک صارف رضوان نے بتایا کہ میرے گھر سوئی گیس کا بل 75 ہزار روپے آیا، گھر میں کوئی گیزر بھی نہیں چیک بھی کرایا ہے۔ ایک اور صارف اکرام نے کہا کہ میرے 10 مرلے کے گھر کا گیس بل 61 ہزار روپے آیا جبکہ ویلنشیا ٹاؤن کے رہائشی عمران نے کہا کہ میرے گھر گیس کا بل 92 ہزار روپے آیا ہے۔

بعدالت جناب چوہدری محمد اکرم
صاحب نائب تحصیلدار شورکوٹ

عنوان مقدمہ: غلام قاسم بنام غلام حسین وغیرہ۔ درخواست تقسیم اراضی کھاتہ نمبر 2/1 واقع موضع خانپور تحصیل شورکوٹ۔ اخبار اشتہار بنام غلام حسین ولد مہر سلطان۔ امیر ولد نواب اقوام سدھل۔ مختار حسین ولد شیر قوم کھرل۔ بیگ ولد شیر قوم بوڑا۔ مختار حسین ولد اللہ دتہ۔ محمد حسین ولد محمد نواز اقوام سربانہ۔ منیر ولد لعل۔ غلام قاسم ولد اللہ بخش کھرل۔ غضنفر عباس ولد غلام عباس قوم سربانہ۔ کنیز مائی زوجہ محمد نواز قوم رجبانہ۔ سلمیٰ بی بی دختر غلام محمد قوم سدھل۔ نسیم بی بی دختر محمد نواز قوم سربانہ۔ غلام محمد ولد پہلوان قوم سدھل۔ خادم حسین ولد محمد نواز سربانہ۔ دلمیر ولد غلام قوم سیال ڈپلانہ۔ محمد ریاض ولد بشیر احمد قوم سدھل۔ ناصر عباس ولد دلمیر قوم سربانہ۔ محمد لعل ولد اللہ بخش قوم کھرل۔ مغل ولد شیر قوم بوڑا۔ علی رضا ولد اظہر عباس قوم سربانہ۔ اقبال ولد قاسم۔ ربنواز ولد اللہ بخش۔ بہادر ولد شیر۔ سیف اللہ ولد لعل اقوام کھرل۔ کبیر خان ولد محمد نواز۔ محمد ارشد عباس ولد نور احمد اقوام سربانہ۔ رجب ولد فرید۔ محمد خان ولد شیر۔ عمر دراز ولد لعل۔ ظفر ولد شیر اقوام کھرل۔ دلمیر ولد خان قوم سدھل۔ محمد اقبال ولد بہادر قوم بوڑا۔ بشیر احمد ولد محمد امیر۔ عمران خان ولد خادم حسین کھرل۔ آصف ندیم ولد دلمیر سربانہ۔ غلام شبیر ولد غلام ڈپلانہ۔ قیصر عباس ولد خادم حسین۔ منظور حسین ولد ہمایوں۔ ممتاز عرف متو ولد خان۔ محمد رمضان ولد اللہ دتہ۔ شبیر ولد خان۔ صفدر عباس ولد خادم حسین اقوام کھرل۔ آمنہ مائی زوجہ محمد اقبال قوم بوڑا۔ تنویر احمد، منیر احمد پسران اللہ دتہ قوم ڈپلانہ۔ امیر ولد لعل قوم کھرل۔ ممتاز علی ولد پہلوان۔ اسد عباس ولد غلام قاسم اقوام سربانہ۔ خادم حسین ولد ماچھیا قوم کھرل۔ محمد نواز ولد پہلوان قوم سدھل۔ طاہر عباس ولد محمد ریاض۔ مضمار ورعلی ولد شیر۔ کبیر ولد محمد اقوام کھرل۔ مصور عباس دختر غلام عباس قوم سربانہ۔ اللہ دتہ ولد شیر۔ فخر شبیر ولد غلام شبیر اقوام کھرل۔ خورشید بی بی دختر منظور حسین قوم سپرا۔ شیر محمد ولد اللہ بخش۔ مختار حسین ولد لعل اقوام کھرل۔ محمد ارشد ولد خادم حسین قوم ارائیں۔ محمد اسلم ولد اللہ بخش۔ غلام شبیر ولد شبیر احمد۔ غلام شبیر ولد شیر اقوام کھرل۔ ساجد عباس ولد ممتاز علی سربانہ۔ ناصر عباس ولد محمد امیر۔ علی نواز ولد شیر اقوام بوڑا۔ محمد افضل ولد اللہ بخش۔ غضنفر عباس ولد شبیر حسین اقوام کھرل۔ زرینہ بی بی بیوہ غلام عباس قوم سربانہ۔ ڈسٹرکٹ کونسل۔ غلام جعفر ولد دلمیر۔ سرفراز ولد محمد امیر اقوام سربانہ۔ اللہ دتہ ولد شیر کھرل۔ غلام عباس ولد بہادر قوم بوڑا۔ عون رضا ولد اظہر قوم سربانہ۔ الطاف کاشف ولد خادم حسین قوم ارائیں۔ ذوالفقار علی ولد اللہ دتہ کھرل۔ غلام فاطمہ زوجہ غلام شبیر قوم بوڑا۔ غلام شبیر ولد ہمایوں۔ اللہ دتہ ولد فرید اقوام کھرل۔ منظور حسین ولد پہلوان ساجدہ بی بی دختر منظور حسین اقوام سپرا۔ ممتاز حسین ولد وریام قوم سدھل۔ بشیر احمد ولد محمد کھرل۔ ذوالفقار علی ولد محمد امیر قوم سربانہ۔ محمد بخش ولد امیر قوم ڈپلانہ۔ بشیر احمد ولد ہماؤں کھرل۔ مظہر عباس ولد حق نواز قوم سیال رملی۔ غلام شبیر ولد شیر محمد کھرل۔ حنا عباس دختر غلام عباس سربانہ۔ ظفر عباس ولد شبیر حسین۔ دلمیر ولد لعل۔ علمدار حسین ولد ارشاد حسین اقوام کھرل۔ شہامند ولد غلام محمد قوم ڈپلانہ۔ محمد اسلم ولد خان۔ مختار حسین ولد شیر محمد اقوام کھرل۔ غلام شبیر ولد امیر قوم بوڑا۔ مظفر ولد بہادر قوم کھرل۔ عمر دراز ولد محمد نواز قوم سربانہ۔ جاوید علی، شعیب علی پسران محمد امیر اقوام کھرل۔ نجمہ ریاض زوجہ ساجد عباس سربانہ۔ محمد عارف ولد نواز قوم چدھڑ۔ مختار احمد ولد اللہ دتہ کھرل۔ ممتاز علی خاوند کنیز فاطمہ۔ ساجد عباس ولد ممتاز علی اقوام سربانہ۔ ذکیہ بی بی دختر ممتاز علی۔ شہناز بی بی بیوہ سکندر۔ جعفر صادق، تصدق میراں، میراں بی بی۔ اللہ رکھی پسران ودختران کندر قوم بوڑا۔ الفت اقبال، رمشہ پروین، حریم زہرا دختران، نسرین مائی بیوہ محمد اقبال اقوام کھرل۔ تسلیم مائی زوجہ اظہر عباس، کوثر بی بی زوجہ غلام شبیر اقوام سربانہ جملہ سکنائے موضع خانپور تحصیل شورکوٹ ضلع جھنگ ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں مسئول علیہم کی تعمیل آسان طریقہ سے ممکن نہ ہے اسلئے بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر 19.02.2024 کو بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی وجوابدہی کریں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط میرے اور مہر عدالت سے جاری ہوا

تھانہ سٹی پھولنگر میں میری تعیناتی کا سن منشیات فروش شہر چھوڑ گئے جرائم پیشہ افراد قانون کی گرفت سے بچ نہیں سکتے

پھولنگر) ضیغم نقوی) سے یونائیٹڈ پریس کلب پھول نگر کے وفد کی تھانہ سٹی پھول نگر کے ایس ایچ او سید ثقلین شاہ بخاری سے ملاقات . وفد کی قیادت چیئرمین یونائیٹڈ پریس کلب وقاص قمر کررہے تھے . وفد میں وائس چیئرمین پروفیسر افضل شاغف، صدر خان فہد خان، سینئر نائب صدر ندیم عباس، انفارمیشن سیکرٹری سید ضیغم عباس اور سید آصف رضا شامل تھے . دوران ملاقات شہر میں امن و امان کی صورتحال اور جرائم کی بڑھتی وارداتوں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا. سید ثقلین شاہ بخاری نے یونائیٹڈ پریس کلب کے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہم عوام کی جان ومال کے تحفظ کیلئے ہر وقت کوشاں ہیں . کرائم ریٹ کم کرنا اور منشیات فروشی کا خاتمہ میری اولین ترجیح ہے. میری تعیناتی کی خبر سن کر کئی منشیات فروش شہر چھوڑ گئے ہیں . چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں کی روک تھام کیلئے گشت کے نظام کو موثر بنایا جارہا ہے. جس کے ثمرات جلد نظر آئیں گے . یونائیٹڈ پریس کلب کے صدر خان فہد خان نے ایس ایچ او سید ثقلین بخاری کو تھانہ سٹی تعیناتی پر خوش آمدید کہا اور امید ظاہر کی کہ سید ثقلین بخاری کی تعیناتی کے دوران جرائم پیشہ عناصر کے گرد گھیرا تنگ ہوگا اور شہر ایک بار پھر امن کا گہوارہ بنے گا. آخر میں ایس ایچ او سید ثقلین شاہ بخاری نے یونائیٹڈ پریس کلب کے صحافیوں کو صاف شفاف اور بے باک صحافت کرنے پر داد دی

پتنگ بازی جیسی شرارت کی شریعت میں اجازت نہیں دیتی یہ ایک گھناؤنا اور جان لیوا کھیل ہے

سرائے عالمگیر) نامہ نگار) پتنگ بازی جیسی شرارت کی شریعت میں اجازت نہیں دیتی یہ ایک گھناؤنا اور جان لیوا کھیل ہے جس سے پچھلے کئی سالوں میں کئی قیمتی انسانی جانیں لقمہ اجل بنیں پتنگ بازی اور ہوائی فائرنگ کی روک تھام کے لیے والدین انتظامیہ سے بھرپور تعاون کریں ان خیالات کا اظہار ممتاز عالم دین مفتی صاحب زادہ نعیم اللہ نعیمی، علامہ مولانا محمد عباس مصطفائی نے مشترکہ بیان میں کیا انہوں نے کہا کہ والدین بچوں کو اس جان لیوا خونی کھیل سے دور رکھ کر انکی زندگیوں کو محفوظ بنائیں اسلام ایسے کسی بھی ایسے تہوار کی اجازت نہیں دیتا جس سے جانی و مالی نقصان ہوتا ہو

سرگودھا کے صحافیوں کی ترجمان اور سب سے بڑی نمائندہ تنظیم سرگودھا یونین آف جرنلسٹس کی جنرل باڈی کا اہم اجلاس

سرگودھا یونین آف جرنلسٹس
(الحاق شدہ پی ایف یو جے)
SARGODHA UNION OF JOURNALISTS
SARGODHA

سرگودھا)رانا اسلم شاہین سے) سرگودھا کے صحافیوں کی ترجمان اور سب سے بڑی نمائندہ تنظیم سرگودھا یونین آف جرنلسٹس کی جنرل باڈی کا اہم اجلاس کمپنی باغ یونین آف جرنلسٹس کے آفس میں منعقد ہوا جنرل باڈی کے اجلاس میں صحافیوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ عبدالغفار بھٹی کی تلاوت قرآن پاک اور فاطمہ خان کی نعت شریف کے بعد یونین کے مرکزی عہدیداران شیخ رضوان۔ عبدالوہاب چوہدری۔ ناصر قریشی۔ عبدالصمد شاہین ۔ خالد اصغر شیخ، رانا ساجد اقبال، مدثر عباس پاشا نے اجلاس کے ایجنڈے پر اظہار خیال کیا اجلاس کے ایجنڈے میں الیکشن 2024-2025، پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹس کی سالانہ فیس، ممبر شپ، اور ممبران کو صحافتی اداروں کی نمائندگی لینا شامل تھا اس موقع پر اشرف قریشی، نسیم چوہدری، راعابد مجید، چوہدری امتیاز، سلیمان معظم، مرزا تنویر، شیخ وقاص، چوہدری تنویر، ماریہ مغل خواجہ شجاعت، شکیل گوپا، عاصم حنیف، راجہ حفیظ، نازش خان، منیر تبسم، بشیر شاد انصاری، شمشاد علی طاہر، شیخ عالمگیر، ملک عبدالجبار، رانا مجاہد، انور لودی، افضل شاہین، قاسم نواز، رفیق زمان بھٹی، تابا نور محمد انصاری، شہباز بٹ، حمید خان، ایم ایس خان، ملک ظفر، حکیم منظور، گلزار علی شیخ عمر محمود شاہ، محمود ڈوگر، شاہد بخاری، مسعود نوری، رانا اسد، رانا عارف، نے بھی ایجنڈے پر اظہار خیال کیا۔ اس موقع پر سرگودھا کے صحافیوں کو لاہور، فیصل آباد اور دیگر شہروں کے صحافیوں سے حقوق کی بنیاد پر الگ کرنے کیخلاف بھی قرار داد منظور کی گئی۔ صحافیوں کی صحافتی یکجہتی اور معاشرتی مسائل پر تنقیدی سوال وجواب کا بھی عہدے داران نے مثبت طریقے سے جواب دیا اور مختلف پہلوں کو اجاگر کیا جس کے بعد یونین آف جرنلسٹس کے جنرل سیکرٹری عبدالوہاب اور ممبر سیف ای سی ناصر قریشی نے سابقہ کارکردگی اور آئندہ ہونے والے تنظیمی الیکشن کے امور سمیت دیگر تنظیمی امور پر بھی تفصیلی روشنی ڈالی۔

واسا لاہور اور روڈا الیون کے درمیان دوستانہ کرکٹ ٹاکرے کا انعقاد ہوا

لاہور کی طرف سے ٹیم کی کپتانی ڈائریکٹر مدثر جاوید اور روڈا الیون کی کپتانی احسن جعفری نے کی

THRILLING CRICKET FACE-OFF

لاہور) جنرل رپورٹر) واسا لاہور اور روڈا الیون کے درمیان دوستانہ کرکٹ ٹاکرے کا انعقاد ہوا واسا لاہور کی طرف سے ٹیم کی کپتانی ڈائریکٹر مدثر جاوید اور روڈا الیون کی کپتانی احسن جعفری نے کی۔ واسا لاہور کے ٹائیگرز نے روڈا الیون کو پچھاڑ کر رکھ دیا واسا لاہور کے بلے بازوں کی دھواں دھار بیٹنگ اور چھکوں کی برسات شائقین کی دلچسپی کا باعث بنی رہی۔ 372 رنز کے ہدف کو حاصل کرتے ہوئے مدمقابل روڈا الیون کی ٹیم 127 پر ڈھیر ہوگئی۔ ایم ڈی واسا غفران احمد کا کہنا ہے ایسی صحت مندانہ سرگرمیاں جاری رہنا چاہیں۔ واسا کے ٹائیگرز نے روڈا الیون کو شکست دے کر ٹرافی اپنے نام کر لی جس پر ایم ڈی واسا غفران احمد نے واسا لاہور ٹیم کو مبارکباد دی میچ کے اختتام پر ڈی ایم ڈی واسا عبداللطیف نے ٹیموں میں انعامات تقسیم کیے

گیس چوری کریک ڈاؤن، مزید 252 کنکشن منقطع، 58 لاکھ کے جرمانے

لاہور ریجن میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 15 گھریلو کنکشن منقطع، مقدمات درج

لاہور)انور کھرل (سوئی ناردرن کے تحت پنجاب، خیبر پختونخواہ اور اسلام آباد کے مختلف علاقوں میں گیس چوری کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کے دوران مزید 252 گیس کنکشن منقطع کردیئے جبکہ 58 لاکھ کے جرمانے عائد کیے گئے۔ سوئی ناردرن گیس نے لاہور میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 10 گھریلو کنکشن جبکہ کمپریسر کے استعمال پر 5 کنکشن منقطع کیے گئے۔ راولپنڈی میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 4 کنکشن جبکہ کمپریسر کے استعمال پر بھی 1 گیس کنکشن منقطع کیے گئے اور 2 لاکھ 10 ہزار کے جرمانے بھی عائد کیے گئے، ایک ایف آئی آر بھی درج کی گئی۔ شیخوپورہ میں غیر قانونی استعمال پر 43 گیس کنکشن منقطع مزید 30 ہزار کے جرمانے بھی عائد کیے گئے۔ ملتان میں ریجنل ٹیم نے گیس کے غیر قانونی استعمال پر 4 گیس کنکشن منقطع کیے گئے جبکہ کمپریسر کے استعمال پر 20 گیس کنکشن منقطع کیے گئے۔ سوئی ناردرن گیس نے پشاور / کرک میں میٹر سے چھیڑ چھاڑ، گیس کے براہ راست استعمال، غیر قانونی کنکشن پر 155 کنکشن منقطع کیے اور 55 لاکھ سے زائد کے جرمانے عائد کیے گئے۔ ساہیوال میں ٹیم نے کمپریسر کے استعمال پر 2 جبکہ غیر قانونی استعمال پر بھی 2 گیس کنکشن منقطع کیے۔ فیصل آباد میں ٹیم نے گیس کے غیر قانونی استعمال پر 5 کنکشن منقطع کیے اور 60 ہزار کے جرمانے بھی عائد کیے گئے۔ بہاولپور میں کارروائی کے دوران غیر قانونی استعمال پر ایک گیس کنکشن منقطع کیا گیا

تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال احمد پور سیال کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر ممتاز حسین ندیم کو 19 ویں سکیل میں ترقی مل گئی

احمد پور سیال) تحصیل رپورٹ) تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال احمد پور سیال کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر ممتاز حسین ندیم کو 19 ویں سکیل میں ترقی مل گئی۔ تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال احمد پور سیال کے ڈاکٹر زرانا محمد عباس، ڈاکٹر شہباز حسن، ڈاکٹر قاسم علی سیال فقیر، ڈاکٹر عون مزل، ایڈمن یاسر حفیظ، فوکل پرسن قاری احمد نواز اور تحصیل پریس کلب احمد پور سیال کے صدر حبیب مہدی منظر، جنرل سیکرٹری تنویر حسین جوائنٹ سیکرٹری ملک محمد عمران بھٹہ اور آفس سیکرٹری چوہدری عبدالمجید گجر نے نے ڈاکٹر ممتاز حسین ندیم کو 19 ویں گریڈ میں ترقی ملنے پر مبارکباد دی ہے۔

کمالیہ شہر میں پڑھے لکھے نوجوان بے روزگار پھر رہے ہیں، سیاسی وسماجی شخصیت پرویز میکن

کمالیہ)ڈاکٹر مستنصر اقبال سے (سیاسی وسماجی شخصیت پرویز میکن کہا ہے کہ کمالیہ شہر میں پڑھے لکھے نوجوان بے روزگار پھر رہے ہیں منتخب نمائندوں کو چاہیے کہ وہ بے روزگاری کے خاتمے کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات اٹھائیں تاکہ نوجوانوں کو روزگار کے مواقع میسر آسکے ان خیالات کا اظہار انہوں نے صحافیوں سے گفتگو کے دوران کیا ان کا مزید کہنا تھا کہ بعض نوجوان بے راہ روی کا شکار ہو رہے ہیں اور بعد جرائم کی جانب بھی جا رہے ہیں اور ذہنی دبا کا بھی شکار ہو رہے ہیں کیونکہ انھی نوجوانوں نے آگے چل کر ہمارے ملک کی باگ دوڑ کو سنبھالنا ہے علاقہ میں انڈسٹریل اسٹیٹ قائم کیا جائے اور صنعتی یونٹ لگوانے کی بھرپور کوشش کی جائے تاکہ نوجوانوں کو روزگار کے مواقع میسر آسکے اور علاقہ خوشحال ہوسکے

تمام سیاسی و دینی جماعتوں سے اپیل کی کہ وہ قومی خودمختاری اور دستور کی بالادستی کو سامنے رکھتے ہوئے باہمی مشاورت کے ساتھ ملک کو موجودہ بحران سے نجات دلانے کے لیے مشترکہ محنت کریں، شیخ الحدیث علامہ زاہد الراشدی

گوجرانوالہ) یاسین مغل سے (جمعیت اہل سنت والجماعت حنفی دیوبندی) رجسٹرڈ (گوجرانوالہ کا ایک اہم مشاورتی اجلاس آج الشریعہ اکادمی میں مولانا حافظ گلزار احمد آزاد جنرل سیکرٹری جمعیت اہل سنت والجماعت حنفی دیوبندی) رجسٹرڈ (گوجرانوالہ کی زیر صدارت منعقد ہوا جس میں ملک کی موجودہ صورتحال پر غور وخوض کے بعد مندرجہ ذیل امور طے کیے گئے 26 فروری کو، آزادی مسجد اقصی اور استحکام پاکستان سیمینار کے عنوان سے مرکزی جامع مسجد شیرانوالہ باغ میں منعقد ہونے والا اجتماع کو ملکی حالات کے باعث سر دست ملتوی کر دیا گیا ہے، اجتماع کی اگلی تاریخ کا اعلان رمضان المبارک کے بعد کیا جائے گا، پاکستان شریعت کونسل کے سیکرٹری جنرل شیخ الحدیث علامہ زاہد الراشدی نے شرکا اجلاس سے اپنی گفتگو کے دوران کہا کہ موجودہ سیاسی خلفشار کے حوالے سے تمام سیاسی و دینی جماعتوں سے اپیل کی کہ وہ قومی خودمختاری اور دستور کی بالادستی کو سامنے رکھتے ہوئے باہمی مشاورت کے ساتھ ملک کو موجودہ بحران سے نجات دلانے کے لیے مشترکہ محنت کریں، قادیانیوں کو ملک میں مذہبی تبلیغ کی اجازت کے حوالے سے سپریم کورٹ کے مبینہ فیصلے پر ملک بھر میں جاری بحث پر تشویش کا اظہار کیا گیا اور چیف جسٹس آف پاکستان سے درخواست کی گئی کہ وہ قادیانی مسئلہ کی مجموعی صورتحال اور تقاضوں کے پیش نظر مبینہ فیصلے کے ابہام کو دور کرنے کے لیے خود کوئی قدم اٹھائیں، گوجرانوالہ میں دی سی روڈ پر پی سی ایل کالونی کی فروخت کے بعد 30 سال سے چلنے والی باقاعدہ مرکزی مسجد کی بندش اور نمازیوں کو نماز پڑھنے سے روک دینا کہ اقدام کو شرعی تقاضوں کے خلاف قرار دیتے ہوئے ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ مسجد کے تحفظ کے لیے اپنا مکمل کردار ادا کریں، اجلاس میں حاجی بابر رضوان باجوہ، مولانا جواد محمود قاسمی، مولانا حافظ امجد محمود معاویہ، مفتی نعمان، مولانا قاضی مراد اللہ، قاری سفیان چیمہ، قاری محمد قاسم قاسمی، اور حافظ عبدالجبار نے شرکت کی۔

گورنمنٹ ہائی سکول جوریاں ڈسٹرکٹ حافظ آباد کی گراؤنڈ پر ایک دلچسپ اور سنسنی خیز فائنل میچ نوبل ایمز سکول تتلیعالی گوجرانوالہ اور گورنمنٹ ہائی سکول جوریاں حافظ آباد کے درمیان کھیلا گیا

نوشہرہ ورکاں تحصیل رپورٹ گوجرانوالہ ایجوکیشن بورڈ کے زیر اہتمام سالانہ انٹر سکولز انٹر ڈسٹرکٹ ہاکی چیمپئن شپ 2024 آج گورنمنٹ ہائی سکول جوریاں ڈسٹرکٹ حافظ آباد کی گراؤنڈ پر ایک دلچسپ اور سنسنی خیز فائنل میچ نوبل ایمز سکول تتلیعالی گوجرانوالہ اور گورنمنٹ ہائی سکول جوریاں حافظ آباد کے درمیان کھیلا گیا جو کہ پلنٹی شوٹ آؤٹ پر نوبل ایمز سکول تتلیعالی گوجرانوالہ نے 2 گول کے مقابلہ میں 4 گول سے جیت کر مسلسل تیسری دفعہ گوجرانوالہ ایجوکیشن بورڈ کا چیمپئن ہونے کا اعزاز برقرار رکھا فائنل میں میچ 1-1 گول سے برابر رہا میچ کے شروع میں ہی گورنمنٹ ہائی سکول جوریاں نے برتری حاصل کر لی جو کہ میچ کے اختتام سے پانچ منٹ قبل نوبل ایمز سکول کے راں بٹ آٹ کامران نے گول کر کے میچ برابر کر دیا گورنمنٹ ہائی سکول نمبر 1 حافظ آباد کی ٹیم نے تیسری اور گورنمنٹ ہائیر سیکنڈری سکول شیخوپورہ موڑ گوجرانوالہ کی ہاکی ٹیم نے چوتھی پوزیشن حاصل کی فائنل میچ میں امپائرنگ کے فرائض فاروق ناگینہ آف حافظ آباد اور محمد طارق وسیر آف گوجرانوالہ نے سرانجام دیے جبکہ فیلڈ جیوری کی زمہ داریاں محمد رمضان کمبوہ سنیر فزیکل ٹیچر گورنمنٹ ہائیر سیکنڈری سکول شیخوپورہ موڑ گوجرانوالہ نے نبھائیں فائنل میچ میں جوریاں گاں اور حافظ آباد کی کثیر تعداد نے موقع پر میچ انجوائے کیا۔ نوبل ایمز سکول تتلیعالی گوجرانوالہ کے کوچ رانا نزیر حسین ٹیم مینجر ڈائریکٹر نوبل ایمز سکول تتلیعالی فرمان علی بھٹی نے نوبل ایمز سکول تتلیعالی کے مینیجنگ ڈائریکٹر رانا اعجاز احمد خاں کو تاریخ کامیابی اور گوجرانوالہ ایجوکیشن بورڈ کا مسلسل تیسری مرتبہ چیمپئن بننے پر مبارکباد پیش کی ہے تتلیعالی ہاکی سنٹر جو گوجرانوالہ میں ہاکی کے حوالے سے اپنا مقام رکھتا ہے 2015 سے لیکر 2024 تک مسلسل گوجرانوالہ ڈسٹرکٹ اور گوجرانوالہ ڈویژن گوجرانوالہ ایجوکیشن بورڈ کا عرصہ دس سال سے چیمپئن آرہا ہے۔ 2015 میں گورنمنٹ ہائی سکول تتلیعالی پہر لطل سکالرز سکول سسٹم تتلے عالی اور اب نوبل ایمز سکول تتلیعالی نے گراس روٹ لیول پر سکول کی سطح پر پرائم ہاکی کلب رجسٹرڈ تتلے عالی گوجرانوالہ اور غضنفر علی شہید ہاکی کلب رجسٹرڈ تتلے عالی گوجرانوالہ کی خصوصی کوچنگ سے یہ کارنامہ سرانجام دیا اور سکول ہاکی کی مضبوطی کی وجہ سے تتلیعالی ہاکی سنٹر سے پانچ ہونہار کھلاڑی پاکستان ایجوکیشن بورڈ کا انٹرنیشنل ٹور کر کے پاکستان کا کلر پہن چکے ہیں نوبل ایمز سکول تتلیعالی گوجرانوالہ کی تاریخ کامیابی پر اہل علاقہ تتلے عالی میں خوشی کی لہر دوڑ گئی مقامی سیاسی وسماجی شخصیات اور رجسٹرڈ کلبوں کے صدور وسیکرٹری صاحبان نے نوبل ایمز سکول کی ٹیم اور مینجمنٹ کو مبارکباد کے پیغامات بھیجے ہیں

ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج گوجرانوالہ سجاد حسین سندھڑ نے نئے جوڈیشل کمپلیکس نوشہرہ ورکاں کا تفصیلی دورہ کیا

نوشہرہ ورکاں تحصیل رپورٹر ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج گوجرانوالہ سجاد حسین سندھڑ نے نئے جوڈیشل کمپلیکس نوشہرہ ورکاں کا تفصیلی دورہ کیا دورے کے دوران انھوں نے تعمیراتی کاموں کا جائزہ لیا اور کنسٹرکشن کمپنی کو کام جلد از جلد مکمل کرنے کی ہدایت جاری کی گوجرانوالہ نوشہرہ ورکاں میں 32 کروڑ سے زائد فنڈ سے نئے تعمیر ہونے والے جوڈیشل کمپلیکس نوشہرہ ورکاں کے افتتاح کے لیے چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ کی آمد سے قبل تمام کام مکمل ہو جائے اور عدالتیں نئے جوڈیشل کمپلیکس میں منتقل ہو سکیں اور اس موقع پر صدر تحصیل بار ایسوسی ایشن چوہدری ظہیر اکرم گورایہ ایڈووکیٹ اور جنرل سیکرٹری راسبطین علی خاں ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ بلڈنگ کی تعمیر اور شجرکاری کے ساتھ ساتھ تمام کام مکمل ہو چکا ہے اور ضلع گوجرانوالہ میں جوڈیشل کمپلیکس نوشہرہ ورکاں ایک میگا سائز کمپلیکس ہے جس کے باقاعدہ افتتاح کے لیے چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ آئندہ ہفتے نوشہرہ ورکاں تشریف لائیں گے

پولیس کی بروقت کارروائی تقریبا 19 لاکھ روپے مالیت کا لوٹا گیا سامان برآمد کرلیا

احمد پور سیال) تحصیل رپورٹر) پولیس کی بروقت کارروائی تقریبا 19 لاکھ روپے مالیت کا لوٹا گیا سامان برآمد کرلیا۔ اڈہ پیر عبدالرحمٰن کے نزدیک ایک شیلر میں ڈاکوں نے عملہ کو رسیوں سے باندھ کر 31 برانڈ ڈ سولر پلیٹیں، ایک عدد بیٹری، ایک عدد موٹر، انورٹر جن کی مالیت تقریبا 19 لاکھ روپے بنتی ہے لوٹ کر رکشہ پر لوڈ کر کے لیے کی طرف جا رہے تھے کہ اطلاع ملنے پر ایس ایچ او تھانہ احمد پور سیال مہر محمد نواز نول نے تعاقب کر کے بائی پاس کے نزدیک دوڈاکوں کو پکڑ کر لوٹا ہوا سامان اور لوڈر رکشہ برآمد کرلیا جبکہ دوڈاکو فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔ گرفتار ملزمان کو حوالات میں بند کر کے تفتیش شروع کر دی گئی ہے۔ ڈکیتی میں استعمال ہونے والا لوڈر رکشہ بھی برآمد کرلیا گیا۔ شہریوں نے ڈکیتی کی بڑی واردات میں لوٹے گئے سامان کی برآمدگی پر ایس ایچ او تھانہ احمد پور سیال مہر محمد نواز نول کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔

پنجاب کی سب سے بڑی تحصیل کا واحد THQ ہسپتال لاوارث، کروڑوں کے فنڈ ملنے کے باوجود بے بس

جڑانوالہ (تحصیل رپورٹ) پنجاب کی سب سے بڑی تحصیل کا واحد THQ ہسپتال لاوارث، کروڑوں کے فنڈ ملنے کے باوجود بے بس، روز مرہ مریضوں کو ریفر کرنا معمول، سر درد کی گولی تک نہ موجود ہے، لواحقین کا سیکرٹری ہیلتھ سے نوٹس لینے کا مطالبہ۔ ذرائع کے مطابق پنجاب کی سب سے بڑی تحصیل کا واحد سول ہسپتال عرصہ دارز سے اپنی روش پر مجبور ہے، بے بس اور لاچار مریضوں کو بلا وجہ فیصل آباد ریفر کرنا معمول بن چکا ہے۔ ایمرجنسی وارڈ میں آنے والے مریضوں کو بغیر ٹریٹمنٹ کے ہی فوری طور پر فیصل آباد ریفر کرنا ان کے منشور میں شامل ہے۔ کروڑوں کے فنڈ ملنے کے باوجود تقریبا 5 ماہ سے انسولین کا نہ ہونا شوگر کے مریضوں کے لیے بے بسی کا خواب بن کر رہ گیا ہے۔ دیگر ادویات جس میں معدے کے کیپسول ،اومیپرازول ٹیبلٹ، پیناڈول ٹیبلٹ، کھانسی کا سیرپ، ڈائیکلوٹیبلٹ، پونسٹون ٹیبلٹ حتیٰ کہ کان میں ڈالے جانے والے قطرے تک بھی ناپید ہیں۔ ڈیوٹی پر موجود ڈاکٹرز دو/ تین ٹیبلٹ یا ایک / دو سیرپ خود لکھ کر باقی دوائی دھڑا دھڑ غریب عوام کو باہر کی ادویات لکھ کر مریض کے ہاتھ پر پرچی تھما دیتے ہیں۔ قریبی ذرائع کا کہنا ہے کہ ہمارے پاس ادویات کے لیے فنڈز میسر نہ ہیں

چیف ایڈیٹر: مسز راحت آراء
ایڈیٹر: حیدر علی بھٹی
پرنٹر وپبلشر اصغر علی جٹ نے مسافت پرنٹرز سے چھپوا کر آٹو منسٹر 108 لٹن روڈ لاہور سے شائع کیا
رابطہ نمبر۔ 0320-1420226

شہر بھر میں غیر معیاری گوشت کی مہنگے داموں فروخت جاری، اے سی قصور۔ ڈپٹی کمشنر قصور و محکمہ لائیوسٹاک خاموش تماشائی بن گیا

قصور) ڈسٹرکٹ رپورٹر محمد انیس بھٹی سے (شہر بھر میں غیر معیاری گوشت کی مہنگے داموں فروخت جاری، محکمہ لائیوسٹاک خاموش تماشائی بن گیا۔ بیف کا گوشت 900 روپے جبکہ مٹن کا گوشت 1600 سے 1800 روپے فی کلو فروخت ہورہا ہے۔ شہریوں نے ڈپٹی کمشنر قصور، ذمہ داران محکمہ لائیوسٹاک اور پرائس کنٹرول کمیٹیوں سے فوری نوٹس لینے اور سرکاری ریٹ لسٹوں پر عمل درآمد کروانے کا مطالبہ کیا ہے۔ تفصیل کے مطابق شہر اور گردونواح کے علاقوں علی پارک، پیرو والا روڈ، کھیم کرن روڈ، کمال چشتی موڑ ،صدر دیوان روڈ، رنگ پور روڈ، بھسر پورہ، رکن پورہ، کھارا روڈ، تحصیل دار چوک، عیدے شاہ روڈ سمیت شہر کے مختلف علاقوں میں قصابوں نے اندھیر نگری مچا رکھی ہے اور مضر صحت وبیمار جانوروں کے گوشت کی بھی مہنگے داموں فروخت جاری ہے۔ سرکاری ریٹ لسٹ کے مطابق بیف کے گوشت کی قیمت 600 روپے فی کلو مقرر ہے جبکہ قصاب بیف کا گوشت 900 روپے فی کلو فروخت کر رہے ہیں، اسی طرح مٹن کے گوشت کی فی کلو قیمت 1200 روپے مقرر ہے جبکہ مٹن کا گوشت 1600 سے 1800 روپے فی کلو میں فروخت کیا جا رہا ہے۔ قصاب کسی صورت سرکاری ریٹ لسٹ پر عمل کرنے کو تیار نہیں ہیں، اس سلسلے میں شہریوں سے بدتمیزی اور بدمعاشی قصابوں کا وطیرہ بن چکا ہے جبکہ محکمہ لائیوسٹاک سمیت ضلعی انتظامیہ اور پرائس کنٹرول کمیٹیاں خاموش تماشائی کا کردار ادا کر رہی ہیں، متعلقہ ادارے اور ذمہ داران اپنے دفتروں تک محدود ہیں اور اس سلسلے میں کوئی کارروائی نہیں کی جارہی۔ شہر میں جگہ جگہ قصاب خانے کھل چکے ہیں اور قصاب شہر کی سڑکوں اور گلیوں میں جانور ذبح کر کے سرکاری سلاٹر ہاس سے بغیر تصدیق شدہ غیر معیاری گوشت فروخت کر رہے ہیں شہریوں نے ڈپٹی کمشنر قصور، ذمہ داران محکمہ لائیوسٹاک اور پرائس کنٹرول کمیٹیوں سے فوری نوٹس لینے اور سرکاری ریٹ لسٹوں پر عمل درآمد کروانے کا مطالبہ کیا ہے

من گھڑت وناجائز الزامات پر رہنما مسلم لیگ ن شیخ وسیم اختر کو لیگل نوٹس بھیج رہا ہوں، چوہدری منظور احمد

قصور) بیورو چیف شفاقت علی چوہدری سے (من گھڑت وناجائز الزامات پر رہنما مسلم لیگ ن شیخ وسیم اختر کو لیگل نوٹس بھیج رہا ہوں، چوہدری منظور احمد۔ ڈی پی او قصور کے ناروا سلوک پر 22 فروری کو پی پی پی پنجاب کابینہ کے ساتھ ڈی پی او آفس کے باہر دھرنا دیں گے، ممبر سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی پی پی پی۔ تفصیل کے مطابق پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرین کے مرکزی رہنما و سابق ایم این اے قصور چوہدری منظور احمد نے پیپلز سیکرٹریٹ قصور میں ہنگامی پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا ہے کہ ضیاالحق دور سے سیاست میں آیا ایم این اے بھی بنا لیکن کبھی کسی سیاسی حریف یا افسر کے ساتھ ناروا رویے کا مظاہرہ نہیں کیا۔ سابق ایم این اے شیخ وسیم اختر نے الزام لگایا کہ میرے دبئی میں شوروم ہیں۔ میں قصور کے تین بڑے جاگیرداروں کا بیٹا ہوں جس پر الزامات لگائے گئے۔ الیکشن میں آنے کے بعد زمین بیچ کر خرچ کر رہا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ ن لاہور ڈویژن کے صدر کے خلاف ہرجانے کا دعوی دائر کر رہا ہوں اور اب باپ بیٹے ایم این اے کو بتانا پڑے گا کہ انہوں نے اثاثے بنائے۔ الیکشن میں ہم نے دوستانہ سیاست کی ہے مگر اب تنگ کیا جا رہا ہے جو تنگ آمد کے تحت اب میدان میں نکلا ہوں۔ چوہدری منظور احمد نے ڈی پی او قصور طارق عزیز سندھو پر سنگین الزامات عائد کرتے ہوئے کہا کہ ڈی پی او طارق عزیز سندھو ذاتیات پر اتر آئے ہیں اب جو کرنا چاہتے ہیں کر لیں۔ انہوں نے کہا کہ طارق عزیز سندھو کی جہاں جہاں پوسٹنگ ہوگی وہاں وہاں ان کا پیچھا کروں گا، یہ قصور کی تاریخ کا کرپٹ ترین ڈی پی او ہے، ایسا بندہ پہلے نہیں دیکھا۔ انہوں نے مزید کہا کہ عدالت سے لیکر سروسز ٹریبونل میں بھی اس کے خلاف جا گا۔ چوہدری منظور احمد کا کہنا تھا کہ ڈپٹی کمشنر قصور کے خلاف بھی میرے پاس بہت سارے ثبوت موجود ہیں۔ تاہم ان کی جانب سے الزامات پر ڈی پی او قصور طارق عزیز سندھو نے صحافیوں سے گفتگو کرتے تمام تر الزامات کی سختی سے تردید کی ہے۔ ڈی پی او طارق عزیز سندھو نے کہا ہے کہ سیاسی جماعتوں سے پولیس نے کبھی ناروا یا امتیازی سلوک نہیں رکھا۔ میرے لئے تمام جماعتوں کے امیدوار برابر ہیں جن کو ہمیشہ عزت وتکریم دی۔ انہوں نے کہا کہ چوہدری منظور احمد کے بھائی پر مقدمہ وکلا نے درج کروایا جس کی تفتیش میرٹ پر ہوگی۔ پولیس کا کام ضلع میں امن و امان کے قیام کو یقینی بنانا ہے کسی بھی سیاسی امیدوار سے ہمارا کوئی اختلاف نہیں ہے۔

سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم نے ضلع بھر میں ڈکیتوں، چوروں اور جرائم پیشہ افراد کے خلاف کارروائیاں جاری

گوجرانوالہ)یاسین مغل سے (سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم نے ضلع بھر میں ڈکیتوں، چوروں اور جرائم پیشہ افراد کے خلاف کارروائیاں جاری۔ ایس پی سول لائنز بلال محمود سلہریا کی زیر قیادت اور ڈی ایس پی پیپلز کالونی غازی عارف محمود خان کی زیر نگرانی، ایس ایچ او صدر گوجرانوالہ قیصر عباس نے اپنی پولیس ٹیموں کے ہمراہ اعلی کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے روڈ رابری اور چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث قدیر عرف قدیرا اور راشد عرف راشو گینگ کے پانچ ارکان کو گرفتار کر کے دوران تفتیش ان کے قبضہ سے چھ لاکھ چھبیس ہزار روپے نقدی، ایک عدد کار مالیتی پینیتس لاکھ روپے، دو عدد موٹر سائیکلیں، دو عدد گھڑیاں مالیتی چھ لاکھ روپے، طلائی زیورات مالیتی پانچ لاکھ روپے اور دو عدد پسٹل برآمد کر لئے۔ گرفتار کیے گئے ملزمان میں قدیر عرف قدیرو، طاہر حسین، بلال، راشد عرف راشو اور حبیب شامل ہیں۔ ابتدائی تفتیش میں گینگ کے ملزمان نے انکشاف کیا کہ انہوں نے گوجرانوالہ اور اس کے مضافات میں روڈ رابری اور چوری کی متعدد وارداتیں کیں ہیں وہ شارع عام پر اسلحہ کے زور پر شہریوں سے نقدی چھینتے۔ ملزمان کے خلاف قانونی کارروائی جاری ہے۔ ڈکیتوں اور چوروں کے خلاف بھر پور کارروائیاں کرنے پر علاقہ مکینوں کا پولیس کو زبردست خراج تحسین۔ اس موقع پر سی پی او کا کہنا ہے ملزمان چاہے کتنے ہی شاطر اور خطرناک کیوں نہ ہوں قانون کے آہنی ہاتھوں سے نہیں بچ سکتے۔ اعلی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر سی پی او نے ایس ایچ او صدر گوجرانوالہ اور انکی پولیس ٹیم کے جوانوں کو اعلی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر شاباش دی

ایم این اے شاہد عثمان ابراہیم ایم، حاجی محمد نواز چوہان ایم پی اے اور عمران خالد بٹ ایم پی اے سے ان کے دفتر میں ملاقات کی

گوجرانوالہ۔) یاسین مغل سے) انجمن تاجران پرانی سبزی منڈی کے صدر حافظ محمد الیاس، مرکزی تاجر امن کمیٹی کے صدر میاں محمد اکرم، جنرل سیکرٹری محمد عظیم بٹ نے پاکستان مسلم لیگ ن کے امیدواران قومی و صوبائی اسمبلی کی کامیابی پر سابق وفاقی وزیر بیرسٹر عثمان ابراہیم، نو منتخب ایم این اے شاہد عثمان ابراہیم ایم ،حاجی محمد نواز چوہان ایم پی اے اور عمران خالد بٹ ایم پی اے سے ان کے دفتر میں ملاقات کی اور انہیں کامیابی پر ہار پہنائے، مبارک بادوی اور پھولوں کے گلدستے پیش کیے ۔ اس موقع پر محمد عباس و دیگر شخصیات بھی موجود تھیں۔ ملاقات میں نو منتخب اراکین اسمبلی نے اپنے اس عزم کا اظہار کیا کہ ہماری کامیابی میں تاجر برادری کا بہت بڑا حصہ ہے۔ جنھوں نے مشکل حالات میں مربوط رابطہ عوام مہم چلائی اور مخلص دوستوں کے ساتھ مل کر اپنے الیکشن کو کامیابی کی طرف لے گئے ۔ الیکشن میں پرانی سبزی منڈی کے تاجروں سے کیے گئے وعدے پورے کریں گے ۔ انشاءاللہ بہت جلد حکومت سازی کا عمل مکمل ہونے اور مسلم لیگ کے اقتدار میں آنے کے بعد شہر کی تعمیر وترقی و تاجروں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کریں گے۔ پرانی سبزی منڈی میں سابق تاجر دشمن حکومت کی طرف سے بنائی گئی چار دیواری کو گرا کر کے متاثرین تاجروں کو انکی جگہ پر پھر سے بحال کریں گے۔ نو منتخب اراکین نے مزید کہا کہ عوامی توقعات پر پورا اتریں گے۔ انہوں نے حافظ محمد الیاس، میاں محمد اکرم سمیت عوام کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ یہ حلقے کے عوام کا اپنے قائد سے والہانہ محبت کا ثبوت ہے۔ جس کی آواز پر لوگ کثیر تعداد میں نکل کھڑے ہوئے ان کی کامیابی شاندار ہے

سندر شریف میں حضرت خواجہ سید محمد وجیہ السیما عرفانی کی چونتیسویں عرس کی تقریبات گذشتہ روز اختتام پذیر ہوگئیں

لاہور)پ۔ر (سندر شریف میں حضرت خواجہ سید محمد وجیہ السیما عرفانی کے چونتیسویں عرس کی تقریبات گذشتہ روز اختتام پذیر ہوگئیں سجادہ نشین ڈاکٹر حبیب عرفانی نے بڑے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا اللہ پاکستان اور عالم اسلام کی خیر کرے ملک کو سیاسی و معاشی استحکام کی سخت ضرورت ہے لوگوں کی جان ومال کی حفاظت ریاست کی ذمہ داری ہمیں شداور مرید کا تعلق دین کی خاطر ہے۔ ڈاکٹر سید محمد حبیب عرفانی نے کہا اس وقت ملک کو اتحاد کی ضرورت ہے سیاسی معاملات کو افہام وتفہیم سے حل کیا جائے ارباب اختیار ملکی صورت حال کو سمجھیں عقل مندی کا مظاہرہ کریں اور لوگوں کے تحفظات کو دور کیا جائے اور انتشار کو ختم کیا جائے۔ انہوں نے کہا جب بھی گھر میں داخل ہوں سب کو سلام کرنا چاہیے اور گھر کے باہر جس سے ملیں اس کو سلام کہنا چاہیے اس سے معاشرہ میں محبت بڑھتی ہے انہوں نے کہا ارشاد ربانی ہے تم میرا شکر ادا کرو میں تمہیں اور زیادہ دوں گا ناشکری کرو گے تو عذاب دوں گا شکایت شکر کی نفی ہے انسان کو سوچنا چاہیے اس کی حیثیت کیا ہے زندگی اور سانسیں سب اللہ کی مہربانی ہے کبھی رب کی نعمتوں کو شمار کرو اور شکر ادا کرو تو ہمیشہ نوازے جاؤ گے۔ خطاب کے بعد روح پرور محفل سماع ہوئی جس کے بعد ڈاکٹر مخدوم سید محمد حبیب عرفانی نے ملک کے استحکام اور ترقی، مقبوضہ کشمیر خصوصا فلسطین کے مسلمانوں کی آزادی کے لئے خصوصی دعا کروائی اس موقع پر سیکورٹی کے سخت انتظامات صاحبزادہ سید محمد اختیار حبیب عرفانی) ولی عہد (کی زیر نگرانی کیے گئے تھے محفل کے بعد ملک اور بیرون ملک سے آنے والے ہزاروں مریدین میں لنگر تقسیم کیا گیا۔

فیصل آباد FDA کا اسٹیٹ آفیسر اور انکورچمنٹ انسپکٹر ڈجکوٹ روڈ اور ارشد مارکیٹ سے تجاوزات ختم کرانے میں ناکام

فیصل آباد) سٹاف رپورٹر (فیصل آباد کی مین شارع راجباہ روڈ پر ارشد مارکیٹ اور ڈجکوٹ روڈ بری طرح سے تجاوزات ہوگی ہے محکمہ ایف ڈی اے اسٹیٹ برانچ کے اعلی آفیسران کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے کاروائیاں صرف عارضی طور پر کی جاتی ہے ان مین شاہراوں پر روڈ ایکسیڈنٹ بھی معمول بن گیا ہے ڈجکوٹ روڈ پر گلہ منڈی چوک سے ناولٹی پل تک سائیڈوں پر تجاوزات ہونے کی وجہ سے ٹریفک جام ہو جاتی ہے گاڑیوں کا رجحان بھی زیادہ ہے محکمہ ایف ڈی اے کے زمہ داران آفیسران مکمل طور پر خاموش دکھائی دیتے ہے دوسری جانب ارشد مارکیٹ میں بھی یہی حال دیکھنے کو آیا ہے گلیوں میں راگیر کو پیدل چلنے میں بھی دشواری کا سامنا کرنا پڑتا ہے فیصل آباد کی سماجی شخصیات نے کمشنر فیصل آباد ڈپٹی کمشنر فیصل، ڈائریکٹر اینٹی کرپشن فیصل آباد اور ڈائریکٹر جنرل ایف ڈی اے سے فوری طور پر نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے اسٹیٹ آفیسر اور متعلقہ انکورچمنٹ کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے

سوسائٹی آف سرجنز پاکستان لاہور کے انتخابات، اکڈیمیشن پینل کامیاب پروفیسر محمد وارث فاروقہ بھاری اکثریت سے کے صدر منتخب

لاہور)انور کھرل (سوسائٹی آف سرجنز پاکستان لاہور کے انتخابات 2023-25 میں "اکڈیمیشن "پینل کے تمام امیدوار منتخب ہوگئے۔ سروسز ہسپتال کے پروفیسر محمد وارث فاروقہ بھاری اکثریت کے ساتھ سوسائٹی آف سرجنز پاکستان لاہور چیپٹر کے صدر منتخب ہوگئے۔ پروفیسر وارث فاروقہ نے سوسائٹی کے انتخابات میں 515 ووٹ حاصل کیے جبکہ مد مقابل پروفیسر محمد عمران انور نے 323 ووٹ حاصل کیے ۔ دیگر عہدیداران جن میں وائس پریزیڈنٹ پروفیسر قمر اشفاق احمد، جنرل سیکرٹری ڈاکٹر محمد شاہد فاروق، فنانس سیکرٹری ڈاکٹر سلمان مجید چوہدری ، پبلیکیشن سیکرٹری ڈاکٹر محمد عامر سہیل، جوائنٹ سیکرٹری ڈاکٹر مائدہ الطاف اور ایگزیکٹو ممبر پروفیسر احمد عزیر قریشی، پروفیسر محمد فاروق افضل، پروفیسر طیب عباس، پروفیسر کامران خالد خواجہ، پروفیسر عمران اسلم، پروفیسر فیصل مسعود، پروفیسر اجمل فاروق، پروفیسر چوہدری محمد کامران، پروفیسر یار محمد، پروفیسر عبدالحمید، پروفیسر خضر حیات گوندل، پروفیسر نبیلہ طلعت، پروفیسر ابوالفضل علی خان، پروفیسر فاروق احمد رانا، پروفیسر سید اصغر نقی اور ڈاکٹر محمد عمر وڑائچ شامل ہیں۔ الیکشن کا انعقاد فاطمہ جناح میڈیکل یونیورسٹی، لاہور میں ہوا۔ الیکشن کمیشن میں پروفیسر عامر زمان خان نے بطور چیف الیکشن کمشنر جبکہ ممبران میں پروفیسر محمود شوکت، پروفیسر مسعود رشید اور ڈاکٹر عمر وڑائچ شامل تھے۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے صدر پروفیسر ڈاکٹر وارث فاروقہ نے کہا کہ سوسائٹی کے نو منتخب عہدے داران پروفیشن کی توقعات پر پورا اتریں گے، طبی و تدریسی تحقیقی میدان میں جدت لانے کے ساتھ ساتھ اور شعبہ سرجری میں نئی ٹیکنالوجی اور آرٹیفیشل انٹیلیجنس کا بھر پور استعمال کیا جائے گا۔ اس کے علاوہ تحصیل اور ضلعی ساخ سمیت نوجوان سرجنز کے لیے معیاری طبی وطبی نظام کو مرتب کیا جائے گا۔ کالج آف فزیشنز اینڈ سرجنز پاکستان کے صدر پروفیسر خالد مسعود گوندل اور کونسل ممبران پروفیسر ابرار اشرف علی، پروفیسر محمد طیب بشمول طبی اداروں کے سربراہان وائس چانسلر کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر محمود ایاز، پرنسپل سمز پروفیسر زہرہ خانم، پرنسپل فاطمہ جناح میڈیکل کالج پروفیسر نورین اکمل، پرنسپل کوئنٹمل میڈیکل کالج پروفیسر عائشہ شوکت، پرنسپل امیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر فرید ظفر، پرو وائس چانسلر کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر اعجاز حسین سمیت شعبہ طب کے ممبران نے نو منتخب عہدے داران کو مبارکبادی اور توقع ظاہر کی کہ دکھی انسانیت کی خدمت میں سوسائٹی حسب معمول بہترین کارکردگی سر انجام دے گی۔ تقریب حلف وفاداری کے ای ایم یو کے لائبریری ہال میں بروز ہفتہ 24 فروری شام کو منعقد کی جائے گی۔

نئے تعینات ہونے والے ڈسٹرکٹ ٹریفک آفیسر اعجاز احمد ڈوگر کی مرکزی انجمن تاجران ضلع ننکانہ صاحب سے تعارفی میٹنگ

ننکانہ صاحب) غلام سرور نئے تعینات ہونے والے ڈسٹرکٹ ٹریفک آفیسر اعجاز احمد ڈوگر کی مرکزی انجمن تاجران ضلع ننکانہ صاحب سے تعارفی میٹنگ تفصیلات کے مطابق نئے تعینات ہونے والے ڈسٹرکٹ ٹریفک آفیسر اعجاز احمد ڈوگر کی مرکزی انجمن تاجران ضلع ننکانہ سے تعارفی میٹنگ حافظ زاہد جاوید چیئرمین مرکزی انجمن تاجران موبائل فون ایسوسی ایشن گلستان موبائل پر ہوئی اس دوران انجمن تاجران اور موبائل فون ایسوسی ایشن کے عہدیداران و ممبران کے علاوہ صحافی بھی موجود تھے اس موقع پر ڈسٹرکٹ ٹریفک آفیسر اعجاز احمد ڈوگر کا کہنا تھا کہ شہر کی آبادی زیادہ ہونے کی وجہ سے گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں میں بھی اضافہ ہوگیا ہے لوگ گاڑی درست پارک نہی کرتے جس وجہ سے ٹریفک کا نظام درہم برہم ہو جاتا ہے اس لئے ننکانہ صاحب میں لفٹر منگوایا گیا ہے جو بھی غلط گاڑی پارک کرے گا اس کو اٹھایا اور جرمانہ بھی کیا جائے گا انہوں نیدوکانداروں سے بھی اپیل کی کہ ٹریفک کے عملے کے ساتھ تعاون کریں ڈی ایس پی ٹریفک کا مزید کہنا تھا کہ جن لوگوں نے ابھی تک اپنا ڈرائیونگ لائسنس نہیں بنوایا وہ فوری اپنا لرنگ لائسنس بنوا کر 42 دن بعد اپنا لائسنس بنوایں اور مزید آنے والی پریشانی سے بچیں

انصاری متحدہ موومنٹ ننکانہ صاحب کے وفد کی نو منتخب ایم پی اے مہر محمد کاشف پڑھیار سے ملاقات

ننکانہ صاحب) حکیم ریاض احمد (انصاری متحدہ موومنٹ ننکانہ صاحب کے وفد کی نو منتخب ایم پی اے مہر محمد کاشف پڑھیار سے ملاقات۔ عام انتخابات میں کامیابی پر مبارکباد پیش کی تفصیلات کے مطابق انصاری متحدہ موومنٹ کے وفد نے ننکانہ صاحب کے حلقہ پی پی 134 میں مہر محمد کاشف پڑھیار کو کامیابی پر مبارکباد باد پیش کی۔ وفد میں انصاری متحدہ موومنٹ ننکانہ صاحب کے سرپرست محمد علی انصاری صدر مظہر قیوم انصاری، جنرل سیکرٹری ڈاکٹر شوکت علی انصاری، سیکرٹری انفارمیشن مشتاق احمد انصاری۔ محمد اسلم انصاری ٹھکیدار ۔ عبدالغفور انصاری۔ محمد احسان انصاری ۔ عبدالجبار انصاری۔ صاحبزادہ سعید احمد انصاری۔ محمد اصغر انصاری۔ ڈاکٹر لیاقت علی انصاری۔ محبوب احمد انصاری۔ سلیمان انصاری سابقہ کونسلر اور دیگر اکابرین شامل تھے۔ وفد نے نو منتخب ایم پی اے کو پھولوں کے گلدستے اور ہار پہنائے۔

جنرل بس سٹینڈ کی تعمیر کا کام سست روی کا شکار کئی ماہ گزرنے کے باوجود بھی تعمیر مکمل نہ ہوسکی

کمالیہ)ڈاکٹر مستنصر اقبال سے) جنرل بس سٹینڈ کی تعمیر کا کام سست روی کا شکار کئی ماہ گزرنے کے باوجود بھی تعمیر مکمل نہ ہوسکی شہریوں کا جلد از جلد تعمیر کر کے عوام کی سہولت کے لیے کھولے جانے کا مطالبہ تفصیل کے مطابق کمالیہ میں ورلڈ بینک کی خطیر گرانٹ 11 کروڑ روپے سے زائد کی رقم کی لاگت سے کمالیہ جھکڑ موڑ پر سرکاری طور پر جنرل بس سٹینڈ کی تعمیر کا کام اج سے چھ ماہ قبل شروع کیا گیا تھا جس کا کام جنوری میں مکمل ہونا تھا اور بعد ازاں اسے عوام کی سہولت کے لیے کھول دیا جانا تھا لیکن کام سست روی کا شکار ہونے کے باعث ابھی تک زیر تعمیر ہے جس سے ٹرانسپورٹرز کو شدید مشکلات کا سامنا بھی کرنا پڑ رہا ہے اور انہیں بس سٹینڈ نہ ہونے کی وجہ سے ٹرانسپورٹ کے حصول میں بھی مشکلات درپیش ارہی ہے شہریوں نے ارباب اختیار سے مطالبہ کیا ہے کہ جنرل بس سٹینڈ کی تعمیر کو جلد از جلد مکمل کر کے عوام کے لیے کھولا جائے تاکہ شہری اس سے مستفید ہوسکے

الیکشن کمیشن نے ضلع گجرات کے 8 صوبائی اسمبلی کی نشستوں سے کامیاب امیدواران اور 2 قومی اسمبلی کی نشستوں سے کامیاب امیدواران کے گزٹ نوٹیفکیشن جاری کردیے

سرائے عالمگیر) نامہ نگار) الیکشن کمیشن نے ضلع گجرات کے 8 صوبائی اسمبلی کی نشستوں سے کامیاب امیدواران اور 2 قومی اسمبلی کی نشستوں سے کامیاب امیدواران کے گزٹ نوٹیفکیشن جاری کر دیئے الیکشن کمیشن آف پاکستان نے 8 فروری کو ہونے والے عام انتخابات میں کامیاب ہونیوالے الحلقہ این اے 62 سرائے عالمگیر سے آزاد امیدوار پی ٹی آئی کے حمایت یافتہ چوہدری محمد الیاس، این اے 63 سے مسلم لیگ ق کے چوہدری حسین الہی اور صوبائی اسمبلی کے حلقوں پی پی 27 سرائے عالمگیر سے مسلم لیگ ق کے راجہ محمد اسلم، پی پی 28 سے آزاد امیدوار پی ٹی آئی کے حمایت یافتہ چوہدری شاہد رضا کوٹلہ، پی پی 29 سے مسلم لیگ ق کے چوہدری خالد اصغر گھرال، پی پی 30 سے مسلم لیگ ق کے چوہدری عبداللہ یوسف وڑائچ پی پی 31 سے مسلم لیگ ق کے چوہدری شافع حسین، پی پی 32 سے چوہدری سالک حسین، پی پی 33 سے مسلم لیگ ق کے سید مدعلی شاہ، پی پی 34 سے مسلم لیگ ق کے چوہدری اعجاز احمد کی کامیابی کا گزٹ نوٹیفکیشن جاری کردیا۔